نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন / / اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
Перевод документа на русский язык /یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

4 فروری، 2022

اہل خانہ کے لیے یہ جدید ترین مراسلہ ہماری صحت اور حفاظتی پالیسیوں کے بارے میں تازہ ترین اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ ان پالیسیوں کا اطلاق پیر، 7 فروری، 2022 سے ہو جا ئے گا۔

مندرجات:

- COVID19 کی ٹیسٹنگ
  - اسکول میں COVID-19 ٹیسٹنگ میں اضافہ
  - گھر کے لیے ٹیسٹ کِٹس
  - COVID-19 ٹیسٹنگ کے مقامات
- حاضری

COVID19 کی ٹیسٹنگ

اسکول میں COVID-19 ٹیسٹنگ میں اضافہ

وسط سرما تعطیلات کے پیشِ نظر، ہم ان طلبا کی تعداد میں اضافہ کررہے ہیں جنہیں اسکول میں بلا ترتیب نگرانی ٹیسٹنگ پروگرام میں شامل کیا جا ئے گا۔ 7 فروری سے شروع، اسکول ذیل میں سے جو بھی زیادہ ہو ٹیسٹ کریں گے:

- اسکول میں گریڈز 1 سے 12 تک 10 فیصد طلبا کا، زیادہ سے زیادہ 250 طلبا
- بغیر ویکسین والے طلبا کی آبادی کے 20 فیصد کا

یہ تبدیلی زیاہ ویکسین شدہ طلبا کی آبادی والے اسکولوں میں ہر ہفتے طلبا کے ایک بڑے گروپ کو ٹیسٹ کرنے کا موقع دے گی۔ اسکے علاوہ، عملے کا 10 فیصد ہر ہفتے ٹیسٹ کیے جانا جاری رہے گا۔

ہم تمام خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ اسکول میں نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (SchoolsAccount.nyc) کے ذریع ٹیسٹ کرنے کی اجازت دیں یا ایک دستخط شدہ کاغذی فارم اسکول کو واپس کریں۔ اسکولوں میں COVID-19 ٹیسٹنگ کے بارے میں مزید معلومات اور اجازت کے فارم کی قابلِ پرنٹ وضع متعدد زبانوں میں schools.nyc.gov/covidtesting پر دستیاب ہے۔

ٹیسٹنگ اسکولوں کو کھلا رکھنے اور ہمارے طلبا، عملے اور برادریوں کی صحت کی حفاظت کا اہم حصہ ہے۔ وہ تمام اہل خانہ جنہوں نے پہلے ہی ٹیسٹ کرنے کی اجازت دے دی ہے، آپ کا ہمارے ساتھ اسکول برادریوں کو محفوظ رکھنے میں تعاون اور شراکت کا شکریہ!

گھر کے لیے ٹیسٹ کِٹس

14 فروری والے ہفتے میں، اسکول تمام عملے اور دو سال اور زیادہ عمر کے طلبا میں گھر کے لیے ریپڈ ٹیسٹ کِٹس تقسیم کریں گے۔ آپ اپنی ٹیسٹ کٹ استعمال کرنے کے بارے میں کئی زبانوں میں وڈیوز بھی دیکھ سکتے ہیں schools.nyc.gov/HomeRapidTestKits

ہم تمام عملے اور طلبا کی **28 فروری کو اسکول واپس آنے سے پہلے** گھر پر ایک ریپڈ ٹیسٹ کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، انکی ویکسینیشن کی صورتِ حال سے قطع نظر۔ عملے اور طلبا سے اسکول واپس آنے کی اجازت سے پہلے ایک منفی نتیجے کا ثبوت دکھانا مطلوب نہیں ہے۔

اگر آپکے بچے کا گھر پر ٹیسٹ مثبت آتا ہے، آپکے بچے کو 5 دنوں کے لیے علحیدہ رہنا لازمی ہے اگر وہ گریڈز K–12 میں ہیں، یا مثبت ٹیسٹ آنے کے بعد 10 دنوں کے لیے اگر وہ LYFE ارلی لرن (نوزائیدہ اور نونہال)، یا 3K، یا پری کنڈرگارٹن کلاس روم میں ہیں۔ برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول سے فوراً رابطہ کریں اور ٹیسٹ کے نتائج سے آگاہ کریں۔ کوئی بھی طالب علم جسکا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آتا ہے اور گھر پر علیحدگی اختیار کر رہا ہو اسے غیر ہم آہنگ ریموٹ تعلیم اور انکے استاد کے ساتھ دفتری اوقات تک رسائی فراہم کی جائے گی۔

اگر آپکا بچہ پچھلے 90 دنوں میں COVID-19 سے صحتیاب ہوا ہے، اسے ٹیسٹ کٹ نہیں ملے گی اور اسکول آ سکتا ہے ماسوائے کہ اسے COVID-19 کی طرح کی علامات ہوں۔ آپ ایسے چارٹ schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness. پر دیکھ سکتے ہیں جو ان اقدامات کی خاکہ کشی کرتے ہیں جو آپکو لینے چاہییں اگر آپکا بچہ بیمار محسوس کرے، COVID-19 کا سامنا ہوا ہو، یا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔

COVID-19 ٹیسٹنگ کے مقامات

محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت (DOHMH) پانچوں بروز میں ٹیسٹ کے مسلسل نئے مقامات کھول رہا ہے۔ ہم اسکی انتہائی حوصلہ افزائی کرینگے کہ تمام طلبا ایک PCR، لیب پر مبنی ریپڈ ٹیسٹ، یا ایک گھر کے لیے ٹیسٹ کِٹ کےذریعے COVID-19 کی باقاعدہ جانچ کرائیں، انکی ویکسینیشن کی حیثیت سے قطع نظر۔ ٹیسٹنگ کے مقامات بمع گھر پر ریپڈ ٹیسٹ، کی ایک فہرست کے لیے 212-COVID19 کو کال کریں، یا http://nyc.gov/covidtest پر جائیں یا 855-48 پر "COVID TEST" ٹیکسٹ کریں یا ٹیسٹ کا ایک قریبی مقام تلاش کرنے کے لیے 311 پر کال کریں۔ اسکے علاوہ، کئی دوا فروش اور ڈاکٹروں کے دفاتر بھی COVID-19 ٹیسٹنگ کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ برائے مہربانی اپنے بچے کے ڈاکٹر کے دفتر یا مقامی دوا فروش سے معلوم کریں کہ کیا وہ ایک جانچ کرانے کے لیے وقت دے سکتے ہیں۔

حاضری

حاضری میں تجدید

اومنی کورون کی تیز لہر کے بعد اسکولوں میں COVID کیسز میں 95% کمی کی روشنی میں، حاضری کی پالیسی میں تجدید کی گئی ہے۔ فوری طور پر موثر، غیر ہم آہنگ تدریس میں حصہ لینے والے طلبا کو صرف اس صورت میں حاضر شمار کیا جائے گا جب وہ ایک مثبت COVID ٹیسٹ نتیجے کی وجہ سے صحت کی رہنمائی کے مطابق علحیدگی میں ہونگے۔

آپکا اسکول تفصیل فراہم کریگا کہ ان حالات میں بچے کس طرح ریموٹ تعلیم اور دفتری اوقات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ طلبا جو مثبت COVID ٹیسٹ نتیجے یا اسکول / عمارت کے بند ہونے کے علاوہ کسی اور وجہ سے غیرحاضر ہونگے انہیں غیرحاضر شمار کیا جائے گا اور انہیں ریموٹ تعلیم کے لیے مزید حاضر شمار نہیں کیا جائے گا۔